***16-03-2024***

***21.15 Hrs***

***HL***

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ کلیم احمد

**Music**

☆ چناؤ کمیشن نے عام انتخابات 2024 کی تاریخوں کا اعلان کیا۔

☆ لوک سبھا کے انتخابات اگلے مہینے کی 19 تاریخ سے سات مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔

☆ سکم، اڈیشہ، آندھرا پردیش اور اروناچل پردیش کے اسمبلی انتخابات بھی لوک سبھا انتخابات کے ساتھ کرائے جائیں گے۔

☆ لوک سبھا چناؤ اور اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی چار جون کو کی جائے گی۔

☆ اور، بھارتی موسمیات محکمے IMD نے مشرقی اور وسطی بھارت کے علاقوں میں اگلے چار روز کے دوران بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

---

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

***EVE ECI Lok Sabha Polls***

لوک سبھا کے انتخابات اگلے مہینے کی 19 تاریخ سے سات مرحلوں میں کرائے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4 جون کو کی جائے گی۔ انتخابی کمیشن نے آج عام انتخابات 2024 کے ساتھ ساتھ چار ریاستوں کے اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا بھی اعلان کیا۔

پہلے مرحلے کے چناؤ کے تحت 19 اپریل کو 102 لوک سبھا سیٹوں پر پولنگ کرائی جائے گی۔ دوسرے مرحلے کے تحت 26 اپریل کو 89 سیٹوں پر، تیسرے مرحلے کے تحت سات مئی کو 94 سیٹوں پر، چوتھے مرحلے کے تحت 13

مئی کو 96 لوک سبھا سیٹوں پر، پانچویں مرحلے کے تحت 20 مئی کو 49 سیٹوں پر، جبکہ چھٹے مرحلے کے تحت 25 مئی کو 57 سیٹوں پر انتخابات کرائے جائیں گے۔

نئی دلی میں چناؤ کی تاریخوں کا اعلان کرتے ہوئے اعلیٰ چناؤ کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ ساتویں اور آخری مرحلے کے تحت یکم جون کو 57 لوک سبھا سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔

S/B- 2100-CEC On Poll Schedule

گجرات، تمل ناڈو، پنجاب، تلنگانہ، کیرالہ، ہریانہ، ہماچل پردیش، دلی، میگھالیہ اور ناگالینڈ سمیت 22 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ کرناٹک، راجستھان، منی پور اور تریپورہ میں دو مرحلوں میں انتخابات کرائے جائیں گے جبکہ چھتیس گڑھ اور آسام میں تین مرحلوں میں پولنگ ہوگی۔ مدھیہ پردیش اور جھارکھنڈ میں چار مرحلوں میں، جبکہ مہاراشٹر اور جموں و کشمیر میں پانچ مرحلوں میں انتخابات کرائے جائیں گے۔

اترپردیش، بہار اور مغربی بنگال میں سات مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

چناؤ کمیشن نے سکم، اڈیشہ، آندھرا پردیش اور اروناچل پردیش اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا بھی اعلان کیا ہے۔ سکم اور اروناچل پردیش میں 19 اپریل کو لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ واحد مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ اسی طرح آندھرا پردیش میں 13 مئی کو واحد مرحلے میں اسمبلی انتخابات کرائے جائیں گے۔ اعلیٰ انتخابی کمشنر نے کہا کہ اڈیشہ اسمبلی کے لیے لوک سبھا کے ساتھ 13 مئی، 20 مئی، 25 مئی اور یکم جون کو چار مرحلوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

S/B - 2100 - CEC on Assembly Elections

چناؤ کی تاریخوں کے اعلان کے ساتھ ہی مثالی ضابطۂ اخلاق نافذ ہو گیا ہے۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر نے کہا کہ بھارت کے چناؤ کمیشن کی ٹیم بھارتی جمہوریت کے سب سے بڑے تہوار کے لیے پوری طرح تیار ہے۔

انہوں نے کہا کہ ملک میں 97 کروڑ رجسٹرڈ ووٹرس ہیں اور دس لاکھ 50 ہزار سے زیادہ پولنگ اسٹیشنوں میں ایک کروڑ 50 لاکھ اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان انتخابات میں ایک کروڑ 82 لاکھ نوجوان ووٹرس، پہلی مرتبہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ جناب کمار نے اس بات کو اجاگر کیا کہ کمیشن، 85سال سے زیادہ عمر کے افراد اور معذوری سے متاثرہ ووٹرس کے لیے گھروں سے ہی ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ سیاسی پارٹیوں کو اس بات کی وضاحت کرنی ہوگی کہ انہوں نے ان انتخابات میں سنگین مجرمانہ کیسوں میں ملوث کسی شخص کو کیوں اپنا امیدوار بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خاطر خواہ تعداد میں EVMs اور وی وی پیٹس دستیاب کرائی گئی ہیں اور خوش اسلوبی سے پولنگ کے انعقاد کو یقینی بنانے کی غرض سے سبھی ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔

S/B - CEC on Observers

موجودہ لوک سبھا کی مدت کار، اس سال 16 جون کو ختم ہورہی ہے۔ ملک میں لوک سبھا کی کل 543 سیٹیں ہیں۔ جن میں سے 84 پارلیمانی حلقے درج فہرست ذاتوں اور 47 حلقے درج فہرست قبائل کے لیے مخصوص ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ بہار، گجرات، ہریانہ، مہاراشٹر، جھارکھنڈ، اترپردیش اور تری پورہ میں اسمبلی کی 26 سیٹوں کے لیے ضمنی چناؤ بھی لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ کرائے جائیں گے۔×

## EC Poll Reaction

سیاسی جماعتوں نے لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ ریاستی اسمبلیوں میں چناؤ کرائے جانے کیلئے تاریخوں کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ BJP، انتخابات کیلئے پوری طرح سے تیار ہے۔

سوشل میڈیا پر اپنے سلسلے وار پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ پارٹی، سبھی شعبوں میں اچھی حکمرانی اور خدمات کی فراہمی کے اپنے غیر معمولی خدمات کی بنیاد پر لوگوں کے پاس جائے گی۔

BJP صدر جے پی نڈا نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ ریکارڈ تعداد میں ووٹ ڈالیں اور دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی بنیاد کو مضبوط کریں۔

کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات سے بھارت کیلئے انصاف کے دروازے کھلیں گے۔

عام آدمی پارٹی کے لیڈر گوپال رائے نے کہا کہ پارٹی ہر اعتبار سے تیار ہے اور آئی این ڈی آئی اتحاد کے ساتھ چناؤ لڑے گی۔ x

## Kalaburgi PM Public Rally

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے عوام سے تعاون طلب کیا ہے۔ آج کرناٹک کے Kalaburgi میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بڑی تعداد میں لوگوں نے آیوشمان بھارت، جل جیون، اجولا اور پی ایم آواس یوجنا جیسی اسکیموں سے فائدہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کرناٹک کو زرعی اور صنعتی مرکز بنانے کے لیے مودی کی گارنٹیز کا یقین دلایا۔ انہوں نے ریاست میں کانگریس سرکار پر بدعنوانی اور غلط حکمرانی میں ملوث ہونے کا الزام لگایا۔×

## Karnataka Congress

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے عوام کے لیے Shramik نیائے اور حصے داری نیائے کا اعلان کیا۔ آج بینگلورو میں میڈیا کے افراد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 15 گارنٹیز ایسی ہیں جن کا اعلان کانگریس

پارٹی لوک سبھا انتخابات کے دوران اپنے انتخابی منشور کے حصے کے طور پر کرے گی۔

شرمک نیائے، مزدور طبقے کو مفت میں طبی نگہداشت، ایم جی نریگا کے تحت اجرت میں اضافہ، شہری علاقوں میں روزگار کی گارنٹی اسکیم اور لائف انسورنش کی یقین دہانی کراتا ہے، جبکہ حصے داری نیائے ذات کی بنیاد پر جامع مردم شماری اور سرکاری اداروں میں نمائندگی کا یقین دلاتا ہے۔x

## Govt. FLNAT

حکومت، نو بھارت ساکشرتا کاریہ کرم کے حصے کے طور پر کل، 23 ریاستوں میں بنیادی خواندگی اور حساب دانی کی تشخیص کا امتحان FLNAT منعقد کرائے گی۔ مرکزی وزارت تعلیم نے کہا ہے کہ تقریباً 37 لاکھ سیکھنے والے افراد اس ملک گیر قومی تشخیص کا امتحان دیں گے۔ FLNAT، شرکت کرنے والی ہر ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سبھی اضلاع میں منعقد کئے جائیں گے۔ x

## Kejriwal Bail

دلّی کی Rouse Avenue عدالت نے آج دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو مبینہ ایکسائز پالیسی گھپلے سے متعلق ایک کیس میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، ED کی جانب سے بار بار طلب کئے جانے کے باوجود حاضر نہ ہو پانے کی بنا پر گرفتاری کے خلاف ضمانت دے دی ہے۔ عدالت نے عام آدمی پارٹی، AAP لیڈر سے ضمانت کیلئے پندرہ ہزار روپے کا ایک ذاتی مچلکہ اور ایک لاکھ روپے کا ایک سکیورٹی بونڈ جمع کرانے کیلئے کہا ہے۔ دلّی کے وزیر اعلیٰ نے تعزیرات ہند کی دفعہ 174 کی خلاف ورزی کی ہے۔ اس دفعہ کا تعلق قانونی احکامات ماننے سے قاصر رہنے سے ہے۔

جناب کجریوال، انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی ان شکایتوں کے بعد عدالت میں حاضر ہوئے کہ عام آدمی پارٹی کے سربراہ، ایجنسی کے سَمَن کی تعمیل نہیں کر رہے ہیں۔ ED نے عدالت کو یہ بھی بتایا کہ وزیر اعلیٰ نے کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت ایجنسی کی جانب سے جاری آٹھ سَمَن کی تعمیل نہیں کی ہے۔ اب اس کیس کی اگلی سماعت یکم اپریل کو صبح دس بجے ہوگی۔ x

## K Kavita ED

دلی کی ایک عدالت نے آج بھارت راشٹریہ سمیتی BRS کی رہنما K Kavita کو دلی آبکاری پالیسی معاملے میں 23 مارچ تک انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ یہ اقدام اُس وقت سامنے آیا جب محترمہ کویتا کو کل

گرفتاری کے بعد ED کے ذریعے آج عدالت میں پیش کیا گیا۔ ED نے کویتا کے دس دن کے ریمانڈ کی مانگ کی تھی۔ تلنگانہ کی لیڈر پر منسوخ شدہ دلی آبکاری پالیسی میں طرفداری کرنے کے لیے عام آدمی پارٹی کے سرکردہ لیڈروں کے ساتھ مل کر سازش رچنے کا الزام ہے۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اگلے چار روز کے دوران مشرقی و وسطی بھارت کے علاقوں میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اڈیشہ، ودربھ، چھتیس گڑھ اور مدھیہ پردیش کے کچھ علاقوں میں اِس مہینے کی 20 تاریخ تک بڑے پیمانے پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے اور 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ موسمیات محکمے نے مزید کہا کہ اگلے چھ روز کے دوران ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور شمال مشرقی بھارت کے علاقوں میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ہے۔ IMD نے اِس مہینے کی 21 تاریخ کو جموں وکشمیر، لداخ اور ہماچل پردیش کے علاقوں میں ہلکی بارش اور برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے تین سے چار روز کے دوران جنوبی بھارت کے علاقوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی۔ IMD نے مزید کہا کہ اگلے دو روز کے دوران تمل ناڈو، پڈو چیری اور کیرالہ کے علاقوں میں گرم اور مرطوب موسم جاری رہے گا۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ مشرقی بھارت کے علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوگی البتہ، اِس کے بعد زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیئس کی کمی آنے کا امکان ہے۔ مغربی اور شمال مغربی بھارت کے علاقوں میں اگلے تین سے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیئس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

جبکہ ملک کے باقی علاقوں میں اگلے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی تبدیلی نہ ہونے کا امکان ہے۔×

## Tribal Leader Lama

درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے قومی کمیشن کے سابق ممبر اور لداخ کے ممتاز بودھ بھکشو لاما لوبزانگ آج صبح نئی دلی میں اپنی رہائش گاہ پر انتقال کر گئے۔ وہ 94 سال کے تھے۔ اپنی چھ دہائیوں کی عوامی خدمات کے دوران، انہوں نے ایمس میں مریضوں کے علاج میں سہولت فراہم کرکے اور لیہہ میں ایمس دلی اور صفدر

جنگ اسپتال، دلی جیسے بہترین طبی اداروں کے ڈاکٹروں کو لاکر لیہہ میں مفت طبی کیمپوں کا انعقاد کر کے صحت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دیں۔

انہوں نے لداخ میں ضرورتمند لوگوں کے گھر پر جاکر اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کے ذریعے ممکنہ آؤٹ ڈور اور انڈور طبی نگہداشت کی سہولت فراہم کرائی۔ انہوں نے کئی بدھ تنظیموں میں صدر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

اِن تنظیموں میں بین الاقوامی بدھشٹ کانفرنس اور بدھشٹ کی عالمی فیلوشپ شامل ہیں۔ لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر ڈاکٹر BD مشرا نے بھی لاما لوبزانگ کی رحلت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ x

## Dubai G42

ابوظہبی کے سرکردہ ٹیکنولوجی ہولڈنگ گروپ- G-42 نے سُپر کمپیوٹر Condor گیلیکسی-3، تعمیر کرنے کی غرض سے، Cerebras سسٹمس کے ساتھ ساجھیداری کی ہے۔

Cerebras سسٹمس تخلیقی مصنوعی ذہانت-اے آئی کو جلد تر تکمیل تک پہنچانے میں ایک پیش رو ادارہ ہے۔

Condor گیلیکسی-3، اے آئی سُپر کمپیوٹرس کے سلسلے میں اُن کا تیسرا اور سب سے طاقتور مجموعہ ہے، جو عالمی رہنما کے طور پر اس کی پوزیشن کو مستحکم اور ٹھوس بناتا ہے۔ یہ زبردست طاقتور Cerebras کے 64 تازہ ترین CS-3 سسٹم کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہے اور ان میں سے ہر سسٹم صنعت کی تیز ترین A.I. چپ Wafer-Scale انجن کی تین WSE-3 سے لیس ہے۔

WSE-3 چپ اپنے آپ میں انجینئرنگ کا ایک شاہکار ہے۔

Condor گیلیکسی کا موجودہ نیٹ ورک کی کامیابی کا ایک ثابت شدہ ٹریک ریکارڈ ہے۔ اس نے دنیا کے بعض سرکردہ اوپن- سورس A.I موڈلس کیلئے تربیت فراہم کی ہے۔x

## WPL

کرکٹ کے خواتین پریمئر لیگ میں، کل فائنل مقابلہ رائل چیلنجرس بینگلور اور دہلی کیپٹلس کے درمیان نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

کل کے میچ میں RCB نے دفاعی چمپئن ممبئی انڈینس کو 5 رنوں سے شکست دے دی تھی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلور نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 135 رن بنائے تھے۔ جواب میں ممبئی انڈینس، مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر محض 130 رن ہی بنا سکی اور جیت کے ہدف کو حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ پورے ٹورنامنٹ میں دہلی کیپٹلس نے 8 میں سے 6 جیت درج کی جبکہ RCB، صرف 4 میچ ہی جیت سکی۔ x